سوال

(255)خطبہ میں وعظ وتذکیر فارسی یا اردو میں ائمہ مجتہدین میں سے کسی سے اس کا جواز منقول ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خطبہ میں وعظ وتذکیر فارسی یا اردو میں ائمہ مجتہدین میں سے کسی سے اس کا جواز منقول ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ائمہ مجتہدین میں سے ایک امام ابوحنیفہ ہیں جن کا مذہب ہے کہ خطبہ عربی زبان میں شرط نہیں ہے بلکہ باوجود قدرت کے بھی خطبہ غیر عربی زبان میں خواہ کوئی زبان ہوجائز ہے ۔ رد المختار 1 757 ج 1 میں ہے : ''لم یقید الخطبة بکونها عربیة اکتفاء بما قدمه فی باب صفة الصلوة، من أنها غیر شرط، ولو قع القدرة علی العربیة عنده،،.

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 396

محدث فتویٰ